Malikmazhar001 Malikmazhar internationalafnewsandviews@gmail.com

Daily
ATTAL FAISLA
Lahore Gujranwala

روزنامہ
اٹل فیصلہ
لاہور
گوجرانوالہ

Sub Editor:
H-R-Babar
078300 20908

Dailyattalfaisla@gmail.com

چیف ایڈیٹر:
ملک مظہر
0308-9020159
0313-8149153

اے ایمان والو
اللہ کی خاطر
انصاف کی گواہی
دینے کے لئے
ڈٹ جایا کرو
القرآن

جلد نمبر 17، شمارہ نمبر 103 | بدھ 20 جمادالثانی 1445ھ، 3 جنوری 2024ء، 21 پوہ، 2077 ب، صفحات 4، قیمت 15 روپے

وفاقی محتسب نے عوام کیلئے کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لے لیا

قومی وزارت صحت، این آئی ایچ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے سربراہان 09 جنوری کو طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں عوام کے لئے کتے کے کاٹنے کے علاج کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے خصوصی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے قومی وزارت صحت، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ) این آئی ایچ (اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان) ڈی آر اے پی (کے سربراہان کو 09 جنوری کو طلب کر لیا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ دارالخلافہ کے بڑے ہسپتالوں میں انسانی زندگی کے لئے اہم ویکسین کی عوام کے لئے عدم دستیابی تشویشناک ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سے ایک شکایت گزار ناظم حسین نے وفاقی محتسب کو ای میل ارسال کی کہ اس کے بیٹے کو پاگل کتے نے کاٹ لیا، وہ بیٹے کو وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں ویکسین لگوانے کے لئے لے کر گیا تو اسے بتایا گیا کہ ہسپتالوں میں ویکسین دستیاب نہیں۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی حساسیت کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انکوائری کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار نے فوری طور پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ) این آئی ایچ (کے متعلقہ ڈاکٹر اور پولی کلینک ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سے رابطہ کیا تو دونوں نے تصدیق کی کہ ان کے ہاں مذکورہ ویکسین دستیاب نہیں۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے این آئی ایچ، وزارت صحت اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کے سربراہان کو 09 جنوری کو طلب کر لیا ہے۔